قومی ترانے میں "سایہ خدائے ذوالجلال" ہے، کیا یہ کفریہ الفاظ ہے؟

المستفتی: نواب بلوچ

واٹس ایپ: 03353431885

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

لغت میں سایہ کے معانی "حفاظت" اور "حمایت" بھی ہیں، (فیروز اللغات، ص:409، مط: فیروز سنز لمیٹڈ) اور ایک حدیث شریف میں سایہ کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی گئی ہے۔ رسول اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ "سات طرح کے لوگوں کو اللہ اپنے سایہ میں اس دن جگہ دے گا جس دن اس کے سایہ کے علاوہ کوئی اور سایہ نہ ہو گا..." اس حدیث کی تشریح میں بعض محدثین نے فرمایا ہے کہ "اللہ تعالیٰ کے سایہ" سے مراد اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور حمایت ہے۔

مذکورہ تفصیل کے مطابق پاکستان کے قومی ترانہ کے الفاظ "سایہ خدائے ذوالجلال" کفریہ کلمات نہیں ہیں بلکہ دعائیہ کلمات ہیں اور مطلب ان کا یہ ہے کہ "یہ مملکت (پاکستان) ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے"۔

صحيح البخاري (133/1) مط: دار طوق النجاة

660- ... عن أبي هريرة، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "سبعة يظلهم الله في ظله، يوم لا ظل إلا ظله: الإمام العادل، وشاب نشأ في عبادة ربه، ورجل قلبه معلق في المساجد، ورجلان تحابا في الله اجتمعا عليه وتفرقا عليه، ورجل طلبته امرأة ذات منصب وجمال، فقال: إني أخاف الله، ورجل تصدق، أخفى حتى لا تعلم شماله ما تنفق يمينه، ورجل ذكر الله خاليا ففاضت عيناه".

فتح الباري لابن حجر (144/2) مط: دار المعرفة

قوله في ظله قال عياض إضافة الظل إلى الله إضافة ملك وكل ظل فهو ملكه كذا قال وكان حقه أن يقول إضافة تشريف ليحصل امتياز هذا على غيره كما قيل للكعبة بيت الله مع أن المساجد كلها ملكه وقيل المراد بظله كرامته وحمايته كما يقال فلان في ظل الملك وهو قول عيسى بن دينار وقواه عياض.

البحر الرائق شرح كنز الدقائق (134/5) مط: دار الكتاب الإسلامي

وفي الخلاصة وغيرها إذا كان في المسألة وجوه توجب التكفير ووجه واحد يمنع التكفير فعلى المفتي أن يميل إلى الوجه الذي يمنع التكفير تحسينا للظن بالمسلم زاد في البزازية إلا إذا صرح بإرادة موجب الكفر فلا ينفعه التأويل حينئذ وفي التتارخانية لا يكفر بالمحتمل لأن الكفر نهاية في العقوبة فيستدعي نهاية في الجناية ومع الاحتمال لا نهاية اهـ.

والحاصل أن من تكلم بكلمة الكفر هازلا أو لاعبا كفر عند الكل ولا اعتبار باعتقاده كما صرح به قاضي خان في فتاويه ومن تكلم بها مخطئا أو مكرها لا يكفر عند الكل ومن تكلم بها عالما عامدا كفر عند الكل ومن تكلم بها اختيارا جاهلا بأنها كفر ففيه اختلاف والذي تحرر أنه

لا يفتى بتكفير مسلم أمكن حمل كلامه على محمل حسن أو كان في كفره اختلاف ولو رواية ضعيفة فعلى هذا فأكثر ألفاظ التكفير المذكورة لا يفتى بالتكفير بها ولقد ألزمت نفسي أن لا أفتي بشيء منها.

والله اعلم بالصواب

الجواب صحیح

بندہ محمد یونس لغاری عفی عنہ

مفتی جامعہ اشرف المدارس کراچی

۲۹/رجب المرجب/۱۴۴۴ھ

بندہ شمشیر علی عفا اللہ عنہ

دار الافتاء جامعہ اشرف المدارس کراچی

۲۹/رجب المرجب/۱۴۴۴ھ

۲۱/فروری/۲۰۲۳ء

الجواب صحیح

احسان اللہ عفا اللہ عنہ

۲۹/۷/۱۴۴۴ھ

دار الافتاء

فتوی نمبر ۲۲۲/۵۷

مورخہ ۲۹/۰۷/۱۴۴۴

21/02/2023